## SECTION—A

**1.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

10×5=50

(a) زبان اور بولی کے فرق کو واضح کرتے ہوئے اپنا جواب لکھیے۔

(b) قدیم ہند آریائی زبانوں نے اردو زبان کو کس طرح متاثر کیا؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(c) مغربی ہند سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہم بولیاں کون کون سی ہیں؟ وضاحت سے جواب لکھیے۔

(d) '' املا کی سب سے زیادہ غلطیاں ہمزہ کے غیر ضروری اور غلط استعمال سے ہوتی ہیں''۔ کیا آپ اس رائے سے متفق ہیں؟ مدلل جواب لکھیے۔

(e) حروف شمسی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں سے وضاحت کیجیے۔

**2.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) آپ کے خیال میں اردو زبان کی پیدائش کے متعلق کس ماہر لسانیات کے خیالات سب سے جامع اور قابلِ قبول ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 20

(b) وسطی ہند آریائی دور میں فروغ پانے والی بولیوں کا خاکہ پیش کیجیے۔ 15

(c) جدید ہند آریائی زبانوں کا تعارف پیش کیجیے۔ 15

**3.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) '' دکنی ، اردو کی اس منزلِ ارتقا کی نمائندگی کرتی ہے جبکہ وہ تشکیلی حالت میں مختلف بولیوں کے اثرات لیے دکن پہنچ گئی''۔ نمونے رقوم کر وضاحت کیجیے۔ 20

(b) 'سب رس' کی لسانی اور ادبی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔ 15

(c) قطب شاہی اور عادل شاہی دور کے اہم ادبی کارناموں پر تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ 15

4. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) " اردو زبان کا خاص لب و لہجہ جس نے اسے درجۂ اعتبار بخشا وہ فارسی کے اثرات کا مرہون منت ہے "۔ اس قول کا محاسبہ کیجیے۔ 20

(b) " اردو کھڑی بولی سے نکلی ہے "۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ مدلل جواب لکھیے۔ 15

(c) " اردو کا مروجہ رسم الخط اس اعتبار سے نہایت جامع ہے کہ وہ اس زبان کی ساری مروج آوازوں کی صحیح نمائندگی کرتا ہے "۔ بحث کیجیے۔ 15

## SECTION—B

5. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 10×5=50

(a) اردو میں ڈرامے کے آغاز اور ارتقاء پر ایک نوٹ لکھیے۔

(b) داستان اور ناول کے فرق کو نمایاں کیجیے۔

(c) اکیسویں صدی میں لکھے گئے چند اہم ناولوں کا تعارف کیجیے۔

(d) " مرثیہ نے اردو شاعری میں رزمیہ (Epic) کی کمی کو پورا کیا ہے "۔ تبصرہ کیجیے۔

(e) جدید نظم کے اہم شعراء پر ایک تعارفی نوٹ لکھیے۔

6۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) ترقی پسند تحریک نے اردو ادب کو باثروت کیا ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ جواب لکھیے۔ 20

(b) صنعتِ ایہام کی تعریف کیجیے اور بتایئے کہ ایہام گوئی کی تحریک نے اردو شاعری پر کیا مثبت اور منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ 20

(c) "دہلی کی شاعری جذبے کی شاعری ہے لکھنؤ کی شاعری جذبے کو فن پر قربان کر دیتی ہے"۔ اس قول کی روشنی میں دبستانِ دلی اور دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کے فرق و امتیاز کو اُجاگر کیجیے۔ 10

7۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) اردو میں تنقید کے آغاز اور ارتقا سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔ 20

(b) آپ کی نظر میں کسی فن پارے کی قدر و قیمت متعین کرنے میں کون سا دبستانِ نقد زیادہ کارآمد ہے؟ 10

(c) "کلیم الدین احمد : بحیثیت نقاد" اس عنوان پر ایک نوٹ لکھیے۔ 20

8۔ درج ذیل عنوانات پر مضمون لکھیے / سوال کے جواب لکھیے :

(a) ڈیٹا چوری اور پرائیوسی (Data theft and privacy) 20

(b) سوشل میڈیا کا کثرتِ استعمال اور سماجی بگاڑ 15

(c) "مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) تخلیقی ادب کے لئے مضر ہوگی"۔ اس موضوع پر مدلل تبصرہ کیجیے۔ 15

★★★